© rasailojaraid.com



# نقد و نظر

## روداد صحتِ ملّی کانفرنس (انگریزی)

ناشر: ادارۂ صحت و طبی تحقیقات، پاکستان

ملنے کا پتہ: ہمدرد نیشنل فاؤنڈیشن۔ ناظم آباد۔ کراچی - ۱۸

قیمت: ۱۲۵ روپے

ہمدرد نیشنل فاؤنڈیشن کے صدر نشین جناب حکیم محمد سعید صاحب ہمارے ملک کی ایک نامور شخصیت ہیں جو اپنی غیر معمولی فکری اور عملی صلاحیتوں اور گراں بہا خدمات کی وجہ سے نہ صرف طبی دنیا میں مشہور و معروف ہیں بلکہ علمی، ادبی اور ثقافتی حلقوں میں بھی عزت و احترام اور قدر و منزلت کی نظر سے دیکھے جاتے ہیں۔ حکیم سعید صاحب کی یہ خصوصیت ہے کہ وہ ہر کام بڑی اولوالعزمی کے ساتھ اعلیٰ پیمانے پر کرتے ہیں۔ چنانچہ طب یونانی کو جدید فنی اصولوں کے مطابق ترقی دینے طبی تحقیقات کرنے اور یونانی طریقِ علاج کو مقبولِ عام بنانے کے لیے انھوں نے ہمدرد نیشنل فاؤنڈیشن اور ادارۂ صحت و طبی تحقیقات جیسے عظیم الشان ادارے قائم کر دیے اور علم و ادب اور ثقافت کو فروغ دینے کے لیے "شامِ ہمدرد" کو ایسی منفرد اور امتیازی حیثیت بخش دی کہ وہ ایک مستقل تہذیبی روایت بن گئی ہے۔ صحتِ ملّی کی اہمیت سے لوگوں کو آگاہ کرنے اور صحتِ عامہ کے معیار کو بہتر بنانے کی غرض سے انھوں نے تین سال سے صحتِ ملّی کانفرنس کا جو سلسلہ شروع کیا ہے وہ بھی ان کی حوصلہ مندی کا ثبوت ہے۔

ہر سال آخر مارچ اور شروع اپریل میں اس کانفرنس کے اجلاس کراچی، لاہور اور راولپنڈی جیسے مرکزی شہروں میں منعقد کیے جاتے ہیں جن میں شرکت کے لیے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو مدعو کیا جاتا ہے اور صحتِ عامہ سے متعلق اہم مسائل پر غور کر کے گذشتہ سال کے کاموں کے جائزے اور نئی سفارشات کی روشنی میں آئندہ سال کے لیے لائحہ عمل تیار کیا جاتا ہے۔ اس سلسلہ میں صحت کے موضوع پر تقریری مقابلے بھی ہوتے ہیں اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بڑی تعداد میں انعامات دے کر طالب علموں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ کانفرنسوں کا یہ سلسلہ دو ہفتے تک جاری رہتا ہے۔ اس ادارہ نے ایک رضا کار تنظیم "سپاہِ صحت" بھی قائم کی ہے۔ تعلیمی اداروں میں حفظانِ صحت کی تعلیم پر خصوصی توجہ کی جا رہی ہے اور عوام کی صحت کو بہتر بنانے اور اس کا تحفظ کرنے کے لیے کئی مفید تدابیر بھی اختیار کی گئی ہیں جن میں رسائل و جرائد کی اشاعت بھی شامل ہے۔

زیرِ تبصرہ رپورٹ اسی صحتِ ملی کانفرنس کی نہایت مفصل خصوصی روداد ہے، جسے بلا شبہ فنِ طباعت کا ایک ایسا عمدہ نمونہ کہا جا سکتا ہے جس کی نظیر بہاں مشکل سے ملے گی۔ اس کی اشاعت پر کثیر رقم صرف ہوئی ہے۔ اس لیے ۲۵ روپے فی کاپی قیمت رکھی گئی ہے جو عام لوگوں کے لیے تو یقیناً بہت زیادہ ہے لیکن صحت سے متعلق اداروں وغیرہ کے لیے زیادہ نہیں۔

یہ روداد جو درحقیقت ایک ضخیم کتاب ہے تین حصوں پر مشتمل ہے۔ حصۂ اول میں حفظانِ صحت کے مختلف پہلوؤں، قومی صحت کے مسائل اور منصوبوں، طبی تحقیقات، طب کی تعلیم و تربیت اور نشر و اشاعت کے وسائل و ذرائع پر پچاس کے قریب معلومات افزا مضامین شامل کیے گئے ہیں جن کے لکھنے والے قریب قریب سب ہی معروف شخصیتیں ہیں۔ ان میں سے کئی مضامین میں صحت کے بارے میں اسلامی نقطۂ نظر کو بطورِ خاص واضح کیا گیا ہے۔ حصۂ دوم میں دنیا کے ۳۳ ملکوں کی ہیلتھ سروسوں کے متعلق بہت مفید مضامین شامل کیے گئے ہیں جو ان تنظیمات سے تعلق رکھنے والے ذمہ دار افراد کے لکھے ہوئے ہیں اور ان کا تقابلی مطالعہ کر کے ہم اپنی ہیلتھ سروس کو بہت زیادہ مفید اور کارکرد بنا سکتے ہیں۔

حصہ سوم میں حفظانِ صحت کے چند ایسے اہم ترین مسائل پر گراں قدر مضامین شامل کیے گئے ہیں جو آج ساری دنیا کی توجہ کا مرکز بنے ہوتے ہیں یعنی فضا اور پانی کو آلائش اور گندگی سے پاک رکھنا۔ شور و غل میں کمی کرنا اور منشیات کے استعمال اور سگرٹ نوشی کا خاتمہ کرنا، جن کی وجہ سے صحتِ عامہ بری طرح متاثر ہو رہی ہے اور اس سے نہایت مہلک نتائج برآمد ہو رہے ہیں۔ [illegible] خاکوں اور گوشواروں اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سادہ و رنگین تصویروں سے بھی مزین ہے جس سے اس کی افادیت اور دیدہ زیبی میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔ توقع ہے کہ ہماری قومی ہیلتھ سروس کی تنظیم و ترقی کے لیے یہ روداد بہت مفید اور کارآمد ثابت ہوگی اور یہ ایک ایسی قومی خدمت ہے جس کے لیے جناب حکیم محمد سعید اور ادارۂ صحت و طبی تحقیقات مستحقِ مبارک باد ہیں۔

(ش ۔ ح ۔ د)

## اربعینِ نبویؐ

ترجمہ و تفہیم : حافظ نذر احمد و مولانا عزیز زبیدی

ناشر : مسلم اکادمی، محمد نگر، لاہور

سائز : $\frac{20 \times 30}{16}$ قیمت : ایک روپیہ ٦٠ پیسے ، صفحات : ٩٦

صحیح مسلم کے شارح اور نامور محدث و فقیہ امام نوویؒ کی "اربعین" یعنی ان کی جمع کردہ چالیس احادیثِ نبویہ کا اردو ترجمہ مع متنِ عربی " اربعینِ نبویؐ " کی صورت میں ہمارے سامنے ہے۔ مترجمین نے ترجمے کے علاوہ مشکل الفاظ کی وضاحت بھی کی ہے اور خلاصۂ مطالب بھی دیا ہے۔

آغازِ کتاب میں امام نووی کے حالات بیان کیے گئے ہیں اور " اربعین " کی تاریخ یعنی ان حضرات کا تذکرہ کیا گیا ہے جنھوں نے اپنے ذوق و پسند کے مطابق چالیس احادیث کے انتخاب جمع کیے۔ احادیث کی اہمیت اور جمع و تدوین کے سلسلے میں صحابۂ کرام اور تابعین و تبع تابعین کی مساعی کا ذکر کیا گیا ہے۔

علمِ حدیث کی کچھ اصطلاحات، کتبِ احادیث کے طبقاتِ اربعہ، کتبِ احادیث کے نام اور ان کی اقسام، چند کثیر الروایات صحابہ کے نام اور ان کی تعدادِ مرویات، امہات المومنین کی روایات اور ان کی تعداد وغیرہ مباحث پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔

بہر حال کتاب ہر لحاظ سے لائقِ مطالعہ ہے اور اس میں فنی و علمی نوعیت کا خاصا مواد جمع کیا گیا ہے۔ یہ کتاب نور سنز اسعد بازار لاہور، اور نور سنز قصہ خوانی بازار پشاور سے مل سکتی ہے۔

(ع ۔ ا ۔ ب)

© rasailojaraid:com